M.Ed./1 Sem/P-101/Dec 2015

December ۲۰۱۵ء دسمبر | M.Ed Regular (ریگولر) ایم۔ایڈ | (Semester-1) سمسٹر۔ا

پرچہ ۱۰۱ : تعلیم کے فلسفیانہ تناظر

Paper - 101 : Philosophical Perspectives of Education

گھنٹے 3 Hrs : وقت : Time | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

حصہ A

10 x 5 = 50

نوٹ: مندرجہ ذیل (10) سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔

(2) ہر سوال کا جواب ایک صفحہ یا کم از کم (15) سطور پر مشتمل ہو۔

(3) ہر سوال کے لیے 5 نشانات مقرر ہیں۔

790

1. (الف) مشرق اور مغرب کے تناظر (Perspective) میں 'فلسفہ' کے تصور (Concept) اور نوعیت (Nature) سے بحث کیجیے۔

یا

(ب) فلسفۂ عملیت (Pragmatism) کے بنیادی اصول (Basic Tenets) بیان کیجیے۔

2. (الف) علم (Knowledge) سے متعلق مختلف نظریات (Theories) کون کون سے ہیں؟ مختصراً روشنی ڈالیے۔

یا

(ب) حصولِ علم کے مشرقی اور مغربی طریقوں (Methods) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

3. (الف) تعلیم (Education) کا ایک شعبۂ علم Discipline کی حیثیت سے تنقیدی جائزہ لیجیے۔

یا

(ب) پیشہ ورانہ تعلیم (Professional Education) کا تصور (Concept) بیان کرتے ہوئے اس کی ضرورت (Need) اور اہمیت (Importance) لکھیے۔

4. (الف) اقدار (Values) کا مفہوم بیان کیجیے اور اس کی اہم اقسام (Types) کون سی ہیں؟ بتائیے۔

یا

(ب) ''انسانی اقدار (Human Values) کا فلسفہ (Philosophy)'' کی اصطلاح سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

5. (الف) Delor's Commission Report کے مطابق تعلیم کے کتنے اور کون کون سے ستون (Pillars) ہیں؟ مختصراً لکھیے۔

یا

(ب) تعلیم میں مبنی بر انصاف (Equitable) اور قابل بقاء (Sustainable) ترقی (Development) پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

6. (الف) فلسفۂ وجودیت (Existentialism) کے مبادیات (Fundamentals) بیان کرتے ہوئے موجودہ نظامِ تعلیم پر اس کے اثرات کا جائزہ پیش کیجیے۔

یا

(ب) یوگا فلسفے سے کیا مراد ہے؟ دورِ حاضر میں یوگا تعلیم پر زور کیوں دیا جارہا ہے؟

P.T.O.

.7 (الف) علمیات(Epistemology) سے کیا مراد ہے؟ اس میں کن نکات سے بحث کی جاتی ہے؟

یا

(ب) نظریۂ تشکیل علم(Constructivism) کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

.8 (الف) علوم کی مختلف شاخوں (Various Disciplines) کا تصور کس طرح ابھرا؟

یا

(ب) آزادانہ تعلیم (Liberal Education) سے کیا مراد ہے؟ اس کی ضرورت واہمیت کو سمجھائیے۔

.9 (الف) ''ہر ثقافت(Culture) کے پیچھے ایک فلسفہ ہوتا ہے۔'' اس بیان کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) آئین ہند(Constitution of India) میں کن اقدار کو شامل کیا گیا ہے؟

.10 (الف) شمولیتی تعلیم (Inclusive Education) کے فلسفے (Philosophy) پر بحث کیجیے۔

یا

(ب) ہمہ ثقافتی (Multicultural) اور متنوع (Diversified) تدریس واکتساب کا خیال رکھنا کیوں ضروری ہے؟

حصہ B

نوٹ: (1) مندرجہ ذیل طویل جوابی سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔ **2 x 10 = 20**

(2) ہر سوال کا جواب 3 صفحات پر مبنی ہو اور ہر صفحے میں 15 سطور سے زائد نہ ہوں۔

(3) ہر سوال کے 10 نشانات مختص ہیں۔

.11 (الف) فلسفۂ عینیت(Idealism) اور فلسفہ فطریت(Naturalism) کے بنیادی اصولوں اور ان کے تعلیمی مضمرات (Eduactional Implications) کا تقابلی جائزہ پیش کیجیے۔

یا

(ب) سچائی، خوبصورتی اور خیر (Truth, Beauty and Goodness) پر کن فلسفوں میں زور دیا گیا ہے؟ دلائل کے ساتھ بیان کیجیے۔

.12 (الف) علم الاقدار(Axiology) سے کیا مراد ہے؟ دور حاضر میں تعلیمی نظام (Education System) کو کن بنیادوں پر ہموار کرنے کی کوشش کی جارہی ہے؟

یا

(ب) قومی تعلیمی پالیسی (National Policy on Education) میں اقدار کی تعلیم (Value Education) پر زور دیے جانے کے بعد سے آج تک ہوئی پیش رفت کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

☆☆☆